# حقوق وصولی اتوار/منگل بازار

## شاندار نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا حقوق وصولی اتوار/منگل بازار صغیر حسین شاہ روڈ ٹیکسلا کینٹ کا نیلام عام عرصہ ایک سال جو کہ 01-07-2025 تا 30-06-2026 تک ہوگا۔ نیلام عام مورخہ 2025۔06۔02 بوقت دن 01:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا چھاؤنی میں منعقد کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر منعقد نہ ہو سکی یا بولی مسترد کر دی گئی تو دوبارہ نیلامی مورخہ 2025۔06۔03 کو دن 01:00 بجے منعقد ہو گی۔ اگر کسی وجہ سے دوبارہ نیلامی نہ ہو سکی تو سہ بارہ نیلامی مورخہ 2025۔06۔04 کو دن 01:00 بجے منعقد ہو گی اور اس کے لئے علیحدہ اشتہار نہیں دیا جائے گا۔ اتوار بازار کی فیس فی سٹال/ ریڑھی مندرجہ ذیل شرح سے لی جائے گی۔

| تفصیل | ریٹ |
|---|---|
| سٹال سائز covered (10x10) | Rs.500/- |
| سٹال سائز Open (10x10) | Rs.400/- |
| بطور ہاکر (سوزوکی، ڈاٹسن، شہزور، ٹرک) | Rs.500/- |
| ہتھ ریڑھی (ہاکر) | Rs.300/- |
| سوزوکی (بطور سٹال) | Rs.700/- |
| رکشہ 3 وہیلر (بطور سٹال) | Rs.500/- |
| کار پارکنگ فیس | Rs.40/- |
| موٹر سائیکل پارکنگ فیس | Rs.20/- |

### شرائط

1۔ نیلامی میں حصہ لینے کے لئے اپنا اصل شناختی کارڈ ہمراہ لانا ہوگا جس کی فوٹو کاپی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی کینٹ بورڈ کے نادہندگان نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔

2۔ خواہشمند حضرات نیلامی شروع ہونے سے قبل مبلغ-/1,00,000 (ایک لاکھ روپے) بطور کال ڈیپازٹ بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر ٹیکسلا چھاؤنی جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ نیلامی کے اختتام پر بولی کا 1/4 حصہ بطور زرضمانت موقع پر ہی جمع کروائے گا ورنہ بولی مسترد کر دی جائے گی اور تمام جمع شدہ رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔ اس صورت میں بولی کا انعقاد دوبارہ کیا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا میں جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ ماہانہ قسط ہر ماہ کی پانچ تاریخ تک جمع نہ کرانے کی صورت میں مبلغ-/2,000 روپے روزانہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا اور 10 تاریخ تک قسط بمعہ جرمانہ جمع نہ کرانے کی صورت میں ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے کینسل کیا جائے گا اور 1/4 سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا ضبط ہو جائے گی۔

5۔ 1/4 سیکیورٹی کو دوران کنٹریکٹ بقایاجات قسط وغیرہ میں کسی صورت ضم نہ کیا جائے گا نیز ماہانہ قسط کیش، پے آرڈر یا بینک ڈرافٹ کی صورت میں قابل قبول ہوگی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنے خرچ پر بولی کی منظوری کے سات یوم کے اندر اندر دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ٹیکسلا کے ساتھ سٹامپ پیپر مبلغ-/1200 روپے پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔

7۔ مزید یہ کہ کامیاب بولی دہندہ کسی بھی طور پر مندرجہ بالا منظور شدہ ریٹ سے زائد وصول کرنے کا مجاز نہ ہوگا ایسی کسی شکایت پر ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے منسوخ کر دیا جائے گا۔

8۔ عدم ادائیگی کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا حقدار نہ ہوگا اور ٹھیکہ کینٹ بورڈ کی منظوری سے منسوخ کر دیا جائے گا۔

9۔ کامیاب بولی دہندہ کو انکم ٹیکس اور دوسرے ٹیکسز مروجہ قوانین کے تحت ایڈوانس جمع کروانا ہوگا۔

10۔ کامیاب بولی دہندہ اور کینٹونمنٹ بورڈ کے درمیان تنازعہ کی صورت میں کیس پریزیڈنٹ کنٹونمنٹ بورڈ مصالحت کروائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

11۔ زیر دستخطی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ PPRA Rule-33 کے تحت کوئی بھی بولی وجہ بتا کر مسترد کر دے۔

12۔ کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکیدار اتوار بازار موٹر سائیکل، کار وغیرہ کی پارکنگ کا از خود ذمہ دار ہوگا اور اتوار بازار میں آئے ہوئے خریدار/لوگوں کی گاڑیوں کی پارکنگ اتوار بازار کی حدود میں ہی مناسب طریقے سے کروائے گا تاکہ پبلک کی آمد و رفت میں کسی قسم کی رکاوٹ نہ ہو۔ اس تمام کام کی ذمہ داری اس کی ہوگی۔

13۔ دیگر شرائط و ضوابط دفتر کنٹونمنٹ بورڈ میں دفتری اوقات کار کے دوران دیکھی جا سکتی ہیں اور مزید معلومات کے لئے دفتر ہذا کے فون نمبر 051-9315462 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے نیز یہ نوٹس PPRA کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔

کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر
ٹیکسلا چھاؤنی۔